# News Release

Connect with DOL at http://social.dol.gov!

U.S. Department of Labor
Office of Public Affairs
Washington, DC
Release Number: 11-1614-NAT

For Immediate Release

December 8, 2011
Contact: Laura McGinnis — Mike Trupo
Phone: 202-693-4653 — 202-693-6588
Email: mcginnis.laura.k@dol.gov
trupo.michael2@dol.gov

## وفاقی ٹھیکیداروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کے ذریعے خدمات حاصل کرنے کا ایک تاریخی ہدف مقرر کرکے امریکی محکمہ محنت کی معذور امریکی افراد کے لیے کام کے مواقع میں بہتری کی کوشش

واشنگٹن – امریکی محکمہ محنت ایک نئے قاعدے کی تجویز رکھتا ہے جس کے تحت وفاقی ٹھیکیداروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کے لیے دیگر شرائط کے علاوہ یہ بھی ضروری ہوگا کہ وہ اپنی افرادی قوت میں 7 فیصد معذورافراد کی خدمات حاصل کریں۔ محکمے کے وفاقی ٹھیکہ پرعمل درآمد پروگرام کے دفتر نے اس تجویز پر عوام کو تبصرہ کرنے کی دعوت دی ہے جو فیڈرل رجسٹر کی 9 دسمبر کی اشاعت میں شائع کیا جائے گا۔

وفاقی ٹھیکہ پرعمل درآمد پروگرام کے دفتر (او ایف سی سی پی) کا مجوزہ قاعدہ وفاقی ٹھیکیداروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کو اہلیت رکھنے والےمعذوری کے شکار افراد کے لیے روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے پر مجبور کرکے بازآبادکاری کے ضابطے مجریہ 1973 کے سیکشن 503 کی مثبت اقدام کی ضروریات کو مضبوطی عطا کرے گا۔ ضابطوں میں مجوزہ تبدیلی ٹھیکیداروں کے ذریعے کی جانے والی بھرتی، تربیت، ریکارڈ کیپنگ اور پالیسی کے پھیلاؤ کے شعبے میں اقدامات کی وضاحت کرتا ہے – ٹھیک اسی طرح جیسا کہ کام کرنے کی جگہ پر عورتوں اور اقلیتی فرقوں کے افراد کے لیے مساویت کا فروغ طویل عرسے سے ضروری رہا ہے۔ علاوہ ازیں اس قاعدہ میں او ایف سی سی پی کی ٹھیکیداروں سے توقعات کی وضاحت قانون پر عمل درآمد کے سلسلے میں مخصوص رہنمائی کے ذریعے کی جائے گی۔

"مجوزہ قانون، معذوری کے شکار امریکیوں سے متعلق ضابطے کے پاس ہونے سے لے کر آج تک معذور کارکنوں کے شہری حقوق کے تحفظ کی سمت میں یہ سب سے اہم پیش رفت کی نمائندگی کرتا ہے" سیکریٹری محنت ہیلڈا ایل سولس نے فرمایا۔ " صدر محترم اوبامہ نے معذوری کے شکار افراد کے تئیں اپنے عہد کی پابندی کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ مجوزہ قاعدہ وفاقی ٹھیکیداروں کو اہلیت رکھنے والے معذوری کے شکار افراد کی خدمات حاصل کرکے اپنی قانونی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے میں معاون ثابت ہوگا"

حالانکہ دفعہ 503 کے ضوابط کئی دہائیوں سے موجود ہیں، اس کے باوجود معذورافراد میں بے روزگاری کی شرح 13 فیصد ہے جو کہ معذوری کے بغیر افراد کے مقابلے $1\frac{1}{2}$ گنا زیادہ ہے۔ اس سے زیادہ حوصلہ شکن بات یہ ہے کہ محکمے کے محنت بیورو کے ذریعے گذشتہ ہفتے شائع کردہ ڈیٹا بتاتا ہے کہ کام کرنے کی عمر والے معذور افراد کو انتہائی سنگین تفریق کا سامنا ہے، اور ان میں سے 79.2 فیصد معذور افراد مکمل طور پر افرادی قوت سے باہر ہیں جبکہ بغیر معذوری والے ایسے افراد کی تعداد محض 30.5 فیصد ہے۔

تقریباً 40 برسوں سے قوانین بتاتے رہے ہیں کہ ٹھیکیداروں کو "نیک نیتی" سے معذور افراد کی بھرتی کے لیے کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات صاف ہے کہ اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔" او ایف سی سی پی کی ڈائریکٹر پیٹریشیا اے شیو نے کہا۔ "ہماری تجویز مخصوص مقاصد کی وضاحت کرے گی، حقیقی احتساب چاہے گی اور قانون کی پاسداری کرنے والے آجروں کے لیے صاف اور واضح رہنمائی فراہم کرے گی۔ جس چیز کی پیمائش کی جاتی ہے وہ ہو جاتی ہے۔ اور ہم کام کروانے کے کاروبار میں ہیں۔"

روزگار کے لیے 7 فیصد معذور افراد کی خدمات حاصل کرنا، ٹھیکیداروں کے لیے اپنے مثبت اقدام کی کوششوں کی اثر پذیری کی پیمائش کرنے اور اس طرح اپنی فیصلہ سازی کی اطلاع دینے کا بھی ایک آلہ ثابت ہوگا۔ مجوزہ قاعدہ ڈیٹا جمع کرنے اور ریکارڈ رکھنے کی ضروریات میں بھی اضافہ کرے گا – بشمول، برائے دستاویزیت اور مناسب جگہ دیے جانے کی درخواستوں کی پراسیسنگ کے لیے بھی - تاکہ احتساب کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ مزید برآں، یہ آجرین کو بھرتی اور آؤٹ ریچ کوششوں کے لیے اپنے سالانہ ذاتی جائزوں کو یقینی بنائے گا اور ٹھیکیداروں کو اہلیت رکھنے والےدرخواست گذاروں کے پول میں اضافہ کے لیے کام کے مواقع کی فہرست ترتیب دینے کی ضرورت کا اضافہ کرے گا۔

مجوزہ قالون سازی کا نوٹس پڑھنے اور تبصرہ کرنے کے لیے وفاقی ای قانون سازی کے پورٹل http://www.regulations.gov پر جائیں۔ تبصرے ڈاک سے بھی اس پتے پر بھیجے جا سکتے ہیں ڈیبرا کارر، آفس آف فیڈرل کانٹیکٹ کمپلائنس پروگرام ، یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف لیبر، روم نمبر سی – 3325، 200 کانسٹی ٹیوشن ایوینیو، این ڈبلیو، واشنگٹن ڈی سی 20210 . تمام تبصرے 7 فروری، 2012 تک پہنچ جانے چاہئیں اور اس کے ساتھ شناختی نمبر (آر آئی این) 1250-AA02 بھی شامل کریں۔

سیکشن 503 میں اضافے کے بطور او ایف سی سی پی ایکزیکیٹیو آرڈر 11246 اور ویت نام دور کے تجربہ کاروں کی دوبارہ ایڈجسٹمنٹ کی مدد سے متعلق ضابطے مجریہ 1974 کو بھی نافذ کرتا ہے۔ ترمیم کردہ ان تینوں قوانین کے تحت وفاقی حکومت کے ساتھ کاروبار کرنے والے ٹھیکیداروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ مثبت اقدامات کرتے ہوئے منصفانہ اور معقول معیار اختیار کریں اور روزگار میں جنس، نسل، رنگ، مذہب، قومیت، معذوری یا رتبے کی بنیاد پر امتیاز نہ برتیں۔ عام معلومات کے لیے او ایف سی سی پی کی ٹول فری ہیلپ لائین 800-397-6251 پر فون کریں یا اس کی ویب سائٹ http://www.dol.gov/ofccp. پر جائیں۔

# # #

U.S. Department of Labor news materials are accessible at http://www.dol.gov. The information above is available in large print, Braille, audio tape or disc from the COAST office upon request by calling 202-693-7828 or TTY 202-693-7755.